مضمون:	اردو	جماعت:	پلے گروپ	موضوع:	دہرائی (س تا غ)		

حاصل سبق	طریقہ تدریس	وقت	وسائل	جانچ
سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'س تا غ' کی پہچان کرسکیں۔ صوتی آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتاسکیں۔	بچوں کوحروف 'س تا غ' کے فلیش کارڈ دکھا کرحروف کی پہچان اورصوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ **تعارف:** بچوں کوحروف 'س تا غ' سے شروع ہونے والی تصاویر دکھا کران کے نام اورابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔تختہ سیاہ بورڈ پرحروف 'س تا غ' لکھے جائیں گے۔ ہربچے کوباری باری بلاکرآپ کے بتاتے ہوئے حرف کے گرد دائرہ بنانے کوکیا جائے گا۔ **مرکزی سرگرمی:** حروف 'س تا غ' کے فلیش کارڈ کے ساتھ فرش پرایک دائرہ بنایئے۔کچھ میوزک لگا کربچوں سے حروف کے گرد دائرے میں گھومنے کو کہا جائے گا۔تب تک گھومنا ہے جب تک میوزک بند نہ ہوجائے۔جب میوزک رک جائے تو ہر بچے کو وہ حرف اوراس کی ابتدائی آواز کو بتانا ہے۔جس کے قریب وہ ہے۔ایک وقت میں آٹھ بچوں کا گروہ یہ سرگرمی کرسکتا ہے۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 62 کھولنے کوکہا جائے گا۔بچوں کودیئے گئے حروف پڑھنے اوران پرانگلی پھیرنے کوکہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام اوران کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں کوحروف کودرست تصاویر کے ساتھ ملانے میں مدد کی جائے گی۔بچوں سے تصاویر میں رنگ بھرنے کوکہا جائے گا۔ **اختتامیہ:** بچوں سے 'س تا غ' حروف کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ **گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 63 کیجیے۔	5منٹ 10منٹ 20منٹ 5منٹ	حرف فلیش کارڈ (س تا غ) اشیاء فلیش کارڈ (س تا غ) کتاب صفحہ نمبر 62	طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف 'س تا غ' حروف کی پہچان صوتی آوازاس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر